

# بچے اور نوجوان افراد

## ڈوڈلے میں خصوصی تعلیمی ضروریات اور معذوری کی معلومات، مشوروں اور معاونت کی سروس (SENDIASS)

**ہم خصوصی تعلیمی ضروریات اور کسی معذوری والے بچوں اور نوجوانوں کے لئے معلومات فراہم کرسکتے ہیں**

- بچہ اسے کہتے ہیں جسکی عمر لازمی اسکول سے کم ہو۔ جس سال کوئی بچہ 16 سال کا ہوجاتا ہے تو اسکے موسم گرما والے ٹرم کے آخری دن سے اسکی لازمی اسکول والی عمر ختم ہوجاتی ہے
- نوجوان فرد وہ ہوتا ہے جسکی عمر لازمی اسکول سے تو زیادہ ہو لیکن 25 سے کم

**• مفت • غیر جانبدار • رازدارانہ**

- ڈوڈلے کی مقامی آفر کیا ہے اور آپ اسے معاونت کی تلاش کے لئے کیسے استعمال کرسکتے ہیں
- ذہنی استعداد اور فیصلے کرنے کے بارے میں مزید معلومات
- حمایت و پیروی

### SENDIASS آپکے لیے کیا کرسکتی ہے؟

- معلومات اس طرح دینا کہ وہ آپکی سمجھ میں آجائیں
- میٹنگوں میں آپکے ساتھ شامل ہونا
- آپکے خطوط لکھنا اور فارم بھرنے میں مدد دینا
- اگر آپکا EHC ضروریات کا اسیسمینٹ کیا جارہا ہے تو معاونت تک رسائی دینا
- کچھ گڑبڑ ہوجانے کی صورت میں مدد اور خصوصی تعلیمی ضروریات اور/یا معذوری سے متعلق شکایات کے متعلق مشورے بشمول وہ جنکا تعلق آپکی صحت اور سوشل کیئر سے ہو

### کیا آپ Dudley SENDIASS سے خود رابطہ کرسکتے ہیں؟

ہم عموماً والدین اور انکے بچوں کے ساتھ شامل ہوکر کام کیا کرتے ہیں، تاہم بچوں اور نوجوان افراد کے لئے ہم ایک علیحدہ سروس فراہم کرنے کے بھی قابل ہیں۔

- آپ ہم سے مندرجہ ذیل پتے اور نمبر پر رابطہ کرسکتے ہیں۔ ہم معلومات، مشورے یا معاونت فون پر بھی اور بذریعہ ای میل بھی فراہم کرسکتے ہیں، یا آپ چاہیں تو ملاقات بھی کی جاسکتی ہے۔ آپ کسی اور کو مثلاً اپنے والدین یا سرپرست کو بھی کہہ سکتے ہیں کہ وہ آپکی طرف سے SENDIASS سے رابطہ کرلیں۔
- یقیناً آپ میٹنگ پر کسی کو بھی اپنے ساتھ لاسکتے ہیں مثلاً اپنے والد یا والدہ کو، سرپرست کو یا وکیل کو۔

### مزید معلومات کے لئے رابطہ کریں:

**ڈوڈلے SEND انفارمیشن، ایڈوائس اینڈ سپورٹ سروس**

**Dudley SEND information, advice and support service**

Saltwells Education Centre, Bowling Green Road,
Netherton, Dudley DY2 9LY

جوابی مشین کام کرتی رہتی ہے، برائے مہربانی اپنا پیغام اس پر چھوڑ دیں اور ہم خود آپکو کال کر لیں گے۔

**ٹیلیفون: 01384 817373**
**ای میل: dudley.sendiass@dudley.gov.uk**
**ویب سائٹ: swww.dudley.gov.uk/dudleysendias**

Dudley
Metropolitan Borough Council







چلڈرن اینڈ فیملی ایکٹ 2014 میں تبدیلیاں کی گئی ہیں کہ بعض بچوں، نوجوان افراد اور انکے خاندانوں کو معاونت کس طرح فراہم کی جاسکتی ہے۔

Dudley SENDIASS والدین اور سرپرستوں کو اور بچوں اور 25 سال تک کی عمر والے نوجوان افراد کو یا تو علیحدگی میں، یا انکے والدین کی موجودگی میں، مشورے فراہم کرسکتی ہے۔

کسی بچے یا نوجوان فرد کی خصوصی تعلیمی ضروریات ہوسکتی ہیں اگر:

- اگر اسے اپنی عمر والے دوسرے بچوں کے مقابلے میں کچھ سیکھنا زیادہ مشکل لگتا ہو
- اسے ایسی مشکلات درپیش ہوں جنکی وجہ سے اسے اسکول یا کالج جانا مشکل لگتا ہو
- اسے کچھ سیکھنے کے لئے اضافی مدد کی ضرورت پڑتی ہو

معذوری کے حامل کسی بچے یا نوجوان فرد کو

- صحت کے مسائل کا سامنا ہوسکتا ہے
- دوسرے لوگوں کے مقابلے میں کوئی کام کرنا زیادہ مشکل لگ سکتا ہے

جوں جوں نوجوان افراد بڑے ہوتے جائیں اور انکے اپنے مخصوص نظریات بنتے جائیں، تو انہیں اپنے مستقبل کے فیصلے کرنے میں پہلے سے زیادہ خودمختاری دی جانی چاہیے۔

لازمی اسکول کی عمر گذر جانے کے بعد اپنی خصوصی تعلیمی ضروریات اور/یا معذوریوں کے بارے میں درخواستیں دائر کرنے اور فیصلے کرنے کا حق اس متعلقہ فرد کے پاس براہ راست ہوتا ہے، بجائے اسکے والدین کے۔

والدین اور اہلِ خانہ فیصلے کرنے میں نوجوان افراد کی معاونت جاری رکھ سکتے ہیں یا انکی جانب سے کوئی کام کرسکتے ہیں جب تک کہ وہ نوجوان افراد انکے ایسا کرنے پر بخوشی راضی ہو، اور زیادہ تر مواقع پر یہی امکان رہتا ہے کہ والدین انکے معاملات میں بہت حد تک شامل رہیں گے۔

- بعض اوقات نوجوان افراد خود فیصلے کرنے کے قابل نہیں ہوتے۔ اسے استعداد کا فقدان کہا جاتا ہے اور انکا ایک ذہنی استعداد کا تجزیہ یعنی مینٹل کیپیسٹی اسیسمینٹ کروانے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔
- اگر آپکی عمر 16 سے کم ہے تو آپکے والدین ہی وہ اہم ترین لوگ ہیں جو آپکی زندگی کے متعلق فیصلے کرسکتے ہیں، تاہم آپ سے پوچھنا ضرور چاہیے کہ خود آپکے خیال میں کونسی ایسی معاونت ہے جسکی آپکو ضرورت ہے اور آپ مستقبل میں کیا کرنا چاہتے ہیں۔ ممکن ہے آپکو اس کے لئے مدد کی ضرورت پڑے، اور Dudley SENDIASS یہ مدد فراہم کرسکتی ہے۔

## SENDIASS کیا کرتی ہے؟

ہم معذوریوں اور خصوصی تعلیمی ضروریات کے تعلیمی قانون کے بارے میں معلومات، مشورے اور معاونت فراہم کرتے ہیں۔
تعلیم، صحت اور سوشل کیئر سے متعلق مسائل و معاملات
ہم آپکی بات سننے اور مدد کرنے کے لئے موجود ہیں تاہم اگر SENDIASS کسی معاملے میں آپکی مدد نہیں کر پائی تو ہم کوئی دوسری مددگار جگہ یا سروس تلاش کرنے کی اپنی بہترین کوشش ضرور کریں گے۔

**SENDIASS – غیر جانبدار** ہے

اسکا مطلب یہ ہوا کہ ہم آپکو حکم نہیں دیں گے کہ کیا کرنا ہے۔ بلکہ ہم آپکو ایماندارانہ اور واضح معلومات فراہم کردیں گے تاکہ آپ خود منتخب کرسکیں کہ کیا بہتر ہے۔

**SENDIASS – رازدار ہے**

اسکا مطلب یہ ہوا کہ تمام بات چیت یا میٹنگیں خفیہ رکھی جائیں گی اور ہم کسی اور سے انکے متعلق ہرگز بات نہیں کریں گے جب تک آپ خود اسکی اجازت نہ دیں۔ تاہم اگر کسی کو نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہوا تو پھر اسکا اطلاق نہیں ہوگا۔

## آپ کس قسم کی معلومات یا مشورے حاصل کرسکتے ہیں؟

- یہ واضح کرنے والی معلومات کہ کوئی اسکول یا کالج طالبعلم کو کیا معاونت پیش کرسکتا ہے
- ایجوکیشنل ہیلتھ کیئر اسیسمینٹ کی درخواست دائر کرنے میں مدد
- یہ مشورہ کہ آپکو تعلیم، صحت اور کیئر منصوبے (EHC plan) کا ڈرافٹ کب ملے گا
- اگر آپ اپنے EHC پلان کے مندرجات سے متفق نہیں ہوئے تو معاونت
- SEND کے مسائل سے متعلق شکایات پر مشورہ، بشمول خصوصی تعلیمی ضروریات اور معذوری ٹریبونل میں اپیل دائر کرنے کے لئے معاونت
- ثالثی کو سمجھنے میں معاونت
- ذاتی بجٹ